حرمین

رئاسة الشؤون الدينية
بالمسجد الحرام والمسجد النبوي

# عمرے کا طریقہ

## مع منتخب دعائیں

مطبوعاتِ عازمِ حرمین شریفین

مطبوعات قاصد الحرمين الشريفين

برنامج قاصد الحرمين

برنامج قاصد الحرمين

حرمين
رئاسة الشؤون الدينية
بالمسجد الحرام والمسجد النبوي

# عمرے کا طریقہ

## مع منتخب دعائیں

مطبوعاتِ عازمِ حرمین شریفین

مطبوعات قاصد الحرمين الشريفين

بسم الله الرحمن الرحيم

ⓗ رئاسة الشؤون الدينية بالمسجد الحرام والمسجد النبوي، ١٤٤٦هـ

رئاسة الشؤون الدينية بالمسجد الحرام والمسجد النبوي

صفة العمرة باللغة الأوردية./رئاسة الشؤون الدينية بالمسجد الحرام والمسجد النبوي - ط١. .- مكة المكرمة، ١٤٤٦هـ

٣٥ص، ١٤×٢١سم

رقم الإيداع: ١٤٤٦/١٤١٥٢

ردمك: ٣-٤٩-٨٥٠٦-٦٠٣-٩٧٨

مطبوعات قاصد الحرمين الشريفين

مطبوعاتِ عازمِ حرمین شریفین

پہلا ایڈیشن

١٤٤٦هـ/٢٠٢٥م

# مقدمۂ ایوانِ صدارت

الحمدُ للهِ، والصَّلاةُ والسَّلامُ على رسولِ اللهِ، وعلى آلهِ وصحبِهِ ومَنْ والاه، أمَا بعد:

اللہ تعالیٰ نے مسجد الحرام کو مسلمانوں کے لیے ایک مقدس مقام بنایا ہے، جہاں ان کے دل اور جسم جمع ہو جاتے ہیں، اور مسجد الحرام پوری دنیا کے لیے ہدایت ہے۔ یہ پر امن اور احترام والی جگہ ہے، نیز اس گھر کی تعظیم انسانوں کی زندگی میں بہتری اور آخرت میں فلاح کا سبب بنتی ہے۔

ہر سال لاکھوں مسلمان بیت اللہ الحرام کی زیارت کے لیے تشریف لاتے ہیں، اس دوران ان کے ساتھ بہت سی امیدیں، امنگیں اور خواہشات بھی ہوتی ہیں۔ اسی طرح واجب دینی امور کے متعلق ان کے سوالات بھی ہوتے ہیں، یہ عازمین اپنی عبادات اور معاملات میں درپیش مشکلات کے حل کے متلاشی ہوتے ہیں۔

اسی تناظر میں مسجد الحرام کی تعظیم، اہلیان مسجد الحرام کی تکریم اور عازمین کی خدمت فرض اور بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ اور اس فریضے کی بہترین انداز سے ادائیگی کا شرف "ایوانِ صدارت برائے مذہبی امورِ مسجد الحرام و مسجدِ نبوی" کو حاصل ہوا۔

چنانچہ "مطبوعاتِ عازمِ حرمین شریفین" منصوبہ اس بات کا حقیقی اظہار ہے کہ اس ملک کے لوگ اور خانہ کعبہ کی خدمت کرنے والے؛ ضیوف الرحمن کے لیے کیا احساسات رکھتے ہیں۔ یہ زائرین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے جسے زائرین قدم بہ قدم رہنمائی کے لیے اپنے ساتھ رکھیں گے، اور پھر ہر زائر وطن واپسی پر بڑے فخر کے ساتھ اپنے ہمراہ لے جائے گا۔

"ایوانِ صدارت برائے مذہبی امورِ مسجد الحرام و مسجدِ نبوی" اپنے مسلمان کے بھائیوں کے لیے ایک رہنما کتابچہ پیش کر رہا ہے، جس میں عمرے کا طریقہ، ارکان، واجبات، سنتیں، احرام کی پابندیاں، اور منتخب دعائیں ذکر کی گئی ہیں، تاکہ مسلمان عمرے کے دوران ان دعاؤں میں مصروف رہے۔ چنانچہ ایوان صدارت اپنے مسلمان بھائیوں سے امید رکھتا ہے کہ وہ دین کا فہم حاصل کریں اور اپنے رب کا شکر ادا کریں جس نے انہیں اس عظیم گھر کی زیارت کرنے اور مناسک کو سکون اور آسانی سے بجا لانے کی توفیق دی۔

اللہ تعالی ہمارے اور آپ سب کے نیک اعمال قبول فرمائے، اور ہر حالت میں تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد، ان کی آل اور صحابہ کرام پر رحمت و سلامتی نازل فرمائے۔

ایوانِ صدارت برائے مذہبی امورِ مسجد الحرام و مسجدِ نبوی.

# مقدمہ

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، ہم اللہ ہی کی حمد کرتے ہیں، اسی سے مدد طلب کرتے ہیں، اور اسی سے مغفرت چاہتے ہیں، نیز ہم اپنے نفس کے شر اور اپنے اعمال کی برائیوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ جسے اللہ ہدایت دے اسے گمراہ کرنے والا کوئی نہیں، اور جسے اللہ گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اور جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

بعد ازاں:

"ایوانِ صدارت برائے مذہبی امورِ مسجد الحرام ومسجدِ نبوی" کی طرف سے زائرین کے لیے پیش کی جانے والی خدمات کو بہتر بنانے کی کوششوں کے تسلسل نیز نیکی اور تقویٰ کے کاموں پر باہمی تعاون کو بڑھاتے ہوئے علم کی اشاعت کے مقصد سے اس کتابچے کو نشر کیا گیا ہے تاکہ زائرین اور عمرہ کرنے والوں کو کتاب وسنت اور اہل علم کے فہم کی روشنی میں عبادات کی ادائیگی کا درست طریقہ معلوم ہو سکے۔ یہ کتابچہ حجم میں چھوٹا ہے، لیکن عمرے کی ادائیگی اور احکامات کے متعلق بہت مفید ہے، نیز چونکہ عمرہ شرعی طور پر سال میں کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے؛ اس لیے عمرے کے احکام اور طریقہ جاننے کی ضرورت ہمیشہ رہتی ہے، جبکہ حج کا معاملہ ایسا نہیں ہے؛ کیونکہ حج کا ایک مخصوص وقت اور موسم ہوتا ہے۔ اس کتابچے کے آغاز میں ہم نے عمرے کی ادائیگی کا طریقہ بیان کیا ہے اور پھر اس کے بعد قرآن کریم و صحیح احادیث کی روشنی میں دعائیں تفصیل کے ساتھ شامل کی ہیں۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ اس کام میں برکت دے، اسے اپنی ذات کے لیے خالص بنا لے، اور اپنے مسلمان بندوں کے لیے مفید بنائے۔ اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت وسلامتی نازل فرمائے۔

ایوانِ صدارت برائے مذہبی امورِ
مسجد الحرام ومسجدِ نبوی

# میقات اور احرام

میقات: وہ مقامات ہیں جہاں سے عمرے کی نیت کرنے والوں پر احرام باندھنا ضروری ہے۔
احادیث مبارکہ نے ایسے مقامات متعین کیے ہیں کہ جو بھی شخص ان میں سے کسی مقام سے گزرے تو اس کے لیے بغیر احرام کے وہاں سے آگے بڑھنا جائز نہیں ہے، یہ پانچ میقات ہیں:

ذوالحلیفہ: جسے آج کل ابیار علی کہا جاتا ہے، یہ اہلِ مدینہ اور یہاں سے گزرنے والے لوگوں کے لیے میقات ہے۔ یہ مکہ مکرمہ سے تقریباً ۴۲۰ کلومیٹر دور ہے۔

جحفہ: یہ رابغ کے قریب ایک بستی ہے، اور یہ اہل شام ، مصر، مراکش اور یہاں سے گزرنے والے دیگر لوگوں کے لیے میقات ہے، یہ مکہ مکرمہ سے تقریباً ۱۸۶ کلومیٹر دور ہے، اور اب لوگ رابغ سے احرام کی نیت کرتے ہیں۔

قَرْن المنازل: جسے السَّیل الکبیر بھی کہا جاتا ہے، یہ اہلِ نجد، طائف اور یہاں سے گزرنے والے دیگر لوگوں کے لیے میقات ہے۔ یہ مکہ مکرمہ سے تقریباً ۷۸ کلومیٹر دور ہے۔ اور اس کے برابر وادی مَحرَم ہے ، جو کہ قرن المنازل سے بالائی پر الھدا روڈ پر مکہ سے تقریباً ۷۵ کلومیٹر دور ہے۔

یَلَمْلَم: یہ اہلِ یمن اور یہاں سے گزرنے والے دیگر لوگوں کے لیے میقات ہے۔ اور یہ مکہ مکرمہ سے تقریباً ۱۲۰ کلومیٹر دور واقع ہے۔

ذات عِرْق: جسے الضَّریبہ بھی کہا جاتا ہے، یہ اہلِ عراق اور یہاں سے گزرنے والے دیگر لوگوں کے لیے میقات ہے۔ یہ مکہ مکرمہ سے تقریباً ۱۰۰ کلومیٹر دور ہے۔

جو لوگ میقات کی حدود کے اندر رہتے ہیں وہ اپنے گھر سے عمرہ یا حج کا احرام باندھیں گے۔
تاہم جن لوگوں کا گھر حدود حرم کے اندر ہے وہ عمرے کے احرام کے لیے حدود حرم سے باہر نکلیں گے، جبکہ حج کے لیے مکہ کے لوگ اپنے گھروں سے ہی احرام باندھیں گے۔

# تنبیہ

ہوائی راستے سے حج یا عمرے کے لیے آنے والے جیسے ہی کسی میقات کے قریب پہنچیں جہاز میں ہی احرام باندھ لیں اور نیت کر لیں۔ انہیں جدہ کے ہوائی اڈے پر اترنے تک احرام مؤخر کرنے کی اجازت نہیں ہے؛ کیونکہ جدہ صرف جدہ کے رہائشیوں کے لیے میقات ہے۔

اگر کسی کے پاس احرام کی چادریں نہیں ہیں تو وہ پینٹ / شلوار پہنے رہے، اور قمیص / شرٹ وغیرہ اتار کر اسے اپنی گردن اور سینے پر ڈال لے، اور احرام کی نیت کر لے۔ چنانچہ جب ہوائی اڈے پر اترے تو وہاں اپنی احرام کی چادریں پہن لے اور پینٹ / شلوار اتار دے۔

جبکہ خواتین کے لیے احرام کا کوئی خاص لباس نہیں ہوتا، وہ اپنے عام لباس میں ہی طیارے میں احرام کی نیت کر سکتی ہے۔ اگر عورت نے اپنا چہرہ ڈھانپنے کے لیے برقع یا نقاب پہنا ہوا ہے تو اسے اتار دینا چاہیے، لیکن غیر محرم مردوں کے سامنے چہرے کو ڈھانپ کر پردہ کر لے۔

# عمرہ ادا کرنے کے ارکان، واجبات اور سنن

## ارکانِ عمرہ:

۱. عبادت میں داخل ہونے کی نیت ، یعنی احرام باندھنا۔

۲. خانہ کعبہ کا طواف ۔

۳. صفا اور مروہ کے درمیان سعی ۔

اگر کسی نے عمرے کے ارکان میں سے کوئی رکن چھوڑ دیا تو اس کا عمرہ درست نہیں ہو گا ، اور عمرے کی ادائیگی درست کرنے کے لیے اس رکن کو شرعی طریقے سے ادا کرنا ہو گا۔

## واجباتِ عمرہ:

- میقات سے احرام باندھنا، یہ اس کے لیے ہے جو میقات کے باہر سے آ رہا ہو، لیکن جو شخص حدود میقات کے اندر رہتا ہو تو اس کے لیے وہیں سے احرام باندھنا ضروری ہے جہاں سے عمرے کی نیت کرے۔ تاہم مکہ مکرمہ کا رہائشی عمرہ ادا کرنے کے لیے حدود حرم سے باہر جا کر حل سے احرام باندھنے کا پابند ہے۔

- بال منڈوانا یا کتروانا ۔

اگر کسی نے عمرے کے واجبات میں سے کوئی واجب چھوڑ دیا تو:

- اگر عمداً چھوڑے، تو اس پر گناہ بھی ہے اور فدیہ بھی۔

- اور اگر عمداً نہ چھوڑے، تو اس پر صرف فدیہ ہے۔

## عمرے کی سنتیں:

- عمرے کے ارکان اور واجبات کے علاوہ افعال عمرہ سنت کہلاتے ہیں، جیسے اضطباع اور رمل۔

- اگر کسی نے کوئی سنت چھوڑ دی تو اس پر کوئی گناہ نہیں، لیکن اس نے فضیلت والے عمل کو ترک کر دیا ہے۔

# احرام کی پابندیاں

احرام کی پابندیوں کی تین قسمیں ہیں:

**پہلی قسم: وہ امور جو مردوں اور عورتوں پر یکساں طور پر حرام ہیں:**

۱. احرام کی نیت کے بعد محرم شخص کے لیے اپنے بال یا ناخن کاٹنا جائز نہیں۔

۲. محرم شخص کا ہر قسم کی عطر یا خوشبو سے بچنا ضروری ہے۔

۳. محرم شخص کے لیے دستانے پہننا جائز نہیں۔

۴. محرم شخص کا منگنی کرنا اور اپنا یا کسی اور کا نکاح پڑھانا جائز نہیں۔

۵. محرم شخص پر جماع اور اس سے متعلقہ تمام امور حرام ہیں۔

۶. محرم شخص کو خشکی کا شکار کرنے یا شکار کو بھگانے یا شکاری کی مدد کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**دوسری قسم: وہ امور جو صرف مردوں کے لیے حرام ہیں اور عورتوں پر نہیں:**

۱. محرم مرد کے لیے سلے ہوئے کپڑے پہننا جائز نہیں، یعنی وہ لباس جنہیں بدن کی ساخت کے مطابق سلائی کی گئی ہو۔

۲. محرم مرد کے لیے سر سے جڑی ہوئی چیز کے ذریعے سر ڈھانپنا منع ہے، جیسے کہ عمامہ وغیرہ۔

**تیسری قسم: وہ امور جو عورتوں کے لیے حرام ہیں اور مردوں پر نہیں:**

۱. عورت کے لیے چہرہ برقع یا نقاب وغیرہ سے ڈھانپنا جائز نہیں، تاہم خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنے چہرے کو دوپٹے وغیرہ کے ذریعے اجنبی مردوں سے چھپائیں۔

**ان پابندیوں کو توڑنے والے کا حکم:** - اگر کسی نے کوئی پابندی غفلت، بھولنے یا کسی کے جبر کی وجہ سے توڑ ڈالی تو اس پر نہ تو کوئی گناہ ہے اور نہ ہی فدیہ۔

- اگر کسی نے کسی پابندی کو ضرورت کی بنا پر توڑا تو یہ جائز ہے، لیکن اس پر فدیہ لازم ہو گا۔

- اگر کسی نے پابندی کو بغیر کسی عذر یا ضرورت کے توڑا تو وہ گناہ گار ہے اور اس پر فدیہ بھی ہے۔

# فدیہ کے اعتبار سے محظوراتِ احرام کی اقسام

اول: بال کاٹنا، ناخن کاٹنا، خوشبو لگانا، دستانے پہننا، مرد کا سلے ہوئے کپڑے پہننا، سر ڈھانپنا، عورت کا نقاب یا برقع پہننا، اور شہوت کے ساتھ مباشرت کرنا، ان میں سے ہر ایک ممنوعہ عمل کے فدیہ کے لیے تین اختیارات ہیں:

۱. تین روزے تسلسل کے ساتھ یا الگ الگ رکھے ۔

۲. یا چھ مسکینوں کو اناج مہیا کرے، ہر مسکین کو نصف صاع اناج دے۔ مثلاً کھجور، چاول وغیرہ۔

۳. یا ایک بکرا ذبح کرے، اور اس کا گوشت حرم کے مسکینوں میں تقسیم کرے۔

دوم: عمرے کے واجبات میں سے کوئی واجب چھوڑ دے، جیسے میقات سے احرام باندھنا، تو اس پر فدیہ ذبح کرنا لازم آتا ہے۔ فدیہ یہ ہے کہ ایک نر یا مادہ بکرا یا دنبہ وغیرہ چھوٹا جانور ذبح کرے اور پھر اس کا گوشت حرم کے مسکینوں میں تقسیم کیا جائے ، محرم خود اس میں سے نہ کھائے۔

سوم: جماع کا فدیہ:

- اگر کسی نے سعی سے پہلے جماع کیا، تو اس کا عمرہ فاسد ہو گیا لیکن وہ اس عمرے کو اسی طرح مکمل کرے گا، اور اس کے بعد اس عمرے کی قضا بھی دے گا، نیز فدیہ بھی دینا ہو گا، اگر فدیہ نہیں دے سکتا تو دس روزے رکھے گا۔

- اگر کسی نے سعی کے بعد اور حلق یا قصر سے پہلے جماع کیا، تو اس کا عمرہ فاسد نہیں ہوا لیکن اس پر فدیہ لازم ہے، اور اگر فدیہ نہیں دے سکتا تو دس روزے رکھے۔

## چہارم: شکار کا فدیہ، اس کی دو صورتیں ہیں:

• اگر شکار کا مِثل موجود ہو (جیسے اونٹ، بکری وغیرہ)، تو اس کے فدیہ کے لیے تین اختیارات ہیں:

الف. اسی جیسا جانور ذبح کرے اور اس کا گوشت حرم کے مسکینوں میں تقسیم کر دے۔

ب. شکار کی قیمت کا اندازہ لگا کر اس سے اناج خریدا جائے اور پھر مکہ کے مسکینوں میں تقسیم

کر دے، ہر مسکین کو نصف صاع اناج دے گا۔

ج. مذکورہ اناج جتنے مساکین میں تقسیم ہو سکے اتنے روزے رکھے۔

• اور اگر شکار کا کوئی مِثل نہ ہو، جیسے ٹڈی وغیرہ ، تو اس کے فدیہ کے لیے دو اختیارات ہیں:

- شکار کی قیمت کا اندازہ لگائے اور اس کے برابر اناج خرید کر مسکینوں میں تقسیم کرے، ہر مسکین کو نصف صاع اناج دے۔

- مذکورہ اناج جتنے مساکین میں تقسیم ہو سکے اتنے روزے رکھے ۔

# عمرے کا طریقہ

• جب عمرہ کرنے والا میقات پہنچے تو:

- احرام کی نیت کرنے سے پہلے غسل کرنا اور خوشبو لگانا مستحب ہے۔

- مرد دو چادریں پہنے گا، اور مستحب ہے کہ یہ سفید رنگت میں صاف چادریں ہوں۔

- جبکہ عورت کے لیے جسم کو ڈھانپنے والے کسی بھی لباس میں احرام کی نیت کرنا جائز ہے، لیکن خاتون نقاب یا دستانے نہیں پہن سکتی۔

- دل میں نیت کرے کہ وہ عبادت میں داخل ہو رہا ہے، اور یہ بھی جائز ہے کہ زبان سے یہ کہے: «لَبَّيْكَ عُمْرَةً»، یا «اَللَّهُمَّ لَبَّيْكَ عُمْرَةً»۔

- اگر احرام باندھنے والا شخص اس بات سے خوفزدہ ہو کہ وہ اپنے مناسک ادا نہیں کر سکے گا، جیسے کہ اگر وہ بیمار ہو یا کسی دشمن سے خوفزدہ ہو، تو اس کے لیے مستحب یہ ہے کہ وہ احرام کی نیت کرتے وقت کہے: «فإن حَبَسَني حابس؛ فمَحِلي حيث حَبَسْتَنِي» یعنی "اگر مجھے کوئی روکنے والا روکے تو میرے احرام کھولنے کا مقام وہیں ہے جہاں تو نے مجھے روکا۔" اس شرط کا فائدہ یہ ہے کہ اگر احرام باندھنے کے بعد اسے کوئی ایسی چیز پیش آ جائے جو اسے مناسک مکمل ادا کرنے سے روکے، جیسے کہ بیماری یا دشمن وغیرہ تو اس کے لیے جائز ہے کہ وہ احرام کھول دے، اور اس پر کوئی دم یا فدیہ وغیرہ نہیں ہو گا۔

- مکہ کی طرف جانے والے راستے پر چلتے ہوئے کثرت کے ساتھ اور بلند آواز کے ساتھ تلبیہ کہنا مستحب ہے۔

• عمرہ کرنے والا شخص مسجد الحرام میں داخل ہو تو درج ذیل مسنون اعمال سر انجام دے:

- جب مسجد الحرام پہنچے، تو دایاں پاؤں پہلے رکھے اور دعا پڑھے: «بِسْمِ اللهِ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ» ترجمہ: اللہ کے نام سے داخل ہوتا ہوں، درود وسلام ہوں اللہ کے رسول پر۔ [سنن ابن ماجہ] اور پھر یہ دعا کرے: «أَعُوذُ بِاللهِ الْعَظِيْمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ» ترجمہ: میں عظمت والے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، اس

کے مکرم چہرے اور قدیم سلطنت کے واسطے سے شیطان مردود سے۔ [سنن ابو داود] اور پھر یہ کہے: «اَللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ» ترجمہ: یا اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔ [صحیح مسلم]

- پھر حجر اسود کی طرف جائے اور طواف شروع کرنے کے لیے حجر اسود کو چھو کر دائیں ہاتھ سے استلام کرے، اور اگر ممکن ہو تو حجر اسود کو بوسہ دے، اگر بوسہ دینا ممکن نہ ہو تو حجر اسود کو ہاتھ لگنے پر اپنے ہاتھ کو چوم لے۔ اور اگر حجر اسود کو چھونا ممکن نہ ہو تو حجر اسود کی طرف رخ کر کے ہاتھ سے اشارہ کرے اور اپنے ہاتھ کو چومے بغیر تکبیر کہہ کر طواف شروع کر دے، یہاں افضل یہ ہے کہ حجر اسود کے پاس بھیڑ مت کرے اور دھکم پیل کے ذریعے لوگوں کو تکلیف نہ دے۔

- حجر اسود کا استلام کرتے ہوئے کہے: «بِسْمِ اللهِ وَاللهُ أَكْبَرُ»۔

- پھر اپنی دائیں طرف بڑھتے ہوئے طواف شروع کر دے اور خانہ کعبہ کو اپنی بائیں طرف رکھے، چنانچہ جب رکن یمانی تک پہنچے تو یہاں بوسہ ، اشارہ یا تکبیر کہے بغیر اسے ہاتھ سے چھوئے، تاہم یہاں بھی دھکم پیل اور بھیڑ نہ مچائے ۔ پھر رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت شدہ دعا پڑھے:

﴿رَبَّنَآ ءَاتِنَا فِي ٱلدُّنۡيَا حَسَنَةٗ وَفِي ٱلۡأٓخِرَةِ حَسَنَةٗ وَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ﴾ [البقرة: ٢٠١].

- طواف کی حالت میں شروع سے لے کر آخر تک اضطباع کرنا مستحب ہے، اور اضطباع کا مطلب یہ ہے کہ: احرام کی چادر دائیں کندھے کے نیچے سے گزار کر بائیں پر ڈال دینا کہ جس سے دایاں کندھا ننگا ہو جائے، تاہم جب طواف مکمل ہو جائے تو دونوں کندھوں کو ڈھانپ لے۔

- رمل (چھوٹے چھوٹے تیز قدموں سے چلنا) صرف پہلے تین چکروں میں مستحب ہے۔

- طواف کے سات چکر مکمل کر لینے کے بعد ممکن ہو سکے تو مقام ابراہیم کی طرف جائے، وہاں دو رکعت نماز ادا کرے، پہلی رکعت میں سورت الفاتحہ اور سورۃ الکافرون پڑھے، اور دوسری رکعت میں سورت الفاتحہ اور سورۃ الإخلاص پڑھے۔

- پھر نماز سے فراغت کے بعد مستحب ہے کہ اگر آسانی ہو تو زمزم نوش کرے، نیز اگر ممکن ہو تو پھر حجر اسود کی طرف جائے اور استلام کرے۔

• صفا پر چڑھنا اور سعی:

- پھر صفا کی جانب چڑھے اور قریب پہنچ کر پڑھے: ﴿إِنَّ ٱلصَّفَا وَٱلۡمَرۡوَةَ مِن شَعَآئِرِ ٱللَّهِۖ فَمَنۡ حَجَّ ٱلۡبَيۡتَ أَوِ ٱعۡتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَاۚ وَمَن تَطَوَّعَ خَيۡرٗا فَإِنَّ ٱللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ﴾ [البقرة: ١٥٨] ترجمہ: یقیناً صفا اور مروہ اللہ کے شعائر میں سے ہیں، چنانچہ جو بھی بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ وہ ان دونوں کا طواف کرے، اور جو شخص بھی خیر کا کام نفل کرے تو اللہ تعالی اس کا قدر دان اور جاننے والا ہے۔ [البقرہ: ۱۵۸]، یہ آیت کریمہ صفا پہاڑی پر چڑھنے سے پہلے پڑھے، اس آیت کو پہلے چکر کے آغاز میں صرف اسی جگہ پڑھنا ہے، لہذا ہر چکر میں یہ آیت نہیں پڑھنی:

«لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ، أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ»

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی حقیقی معبود نہیں، وہی یکتا اور اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہی اسی کی ہے ، اور ہمہ قسم کی تعریف بھی اسی کی ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود بر حق نہیں، وہ یکتا ہے، اس نے اپنا وعدہ پورا کر دکھایا، اور اپنے بندے کی اس نے مدد کی، اور اتحادی افواج کو تنہا ہی شکست خوردہ کر دیا۔

یہ دعا تین بار پڑھے اور ہر بار پڑھنے کے بعد درمیان میں من چاہی دعا مانگے۔

- پھر صفا سے نیچے اتر کر مروہ کی طرف چلے، عام رفتار سے چلتے ہوئے اللہ کا ذکر کرتا رہے اور جو دعائیں اس کے ذہن میں آئیں؛ اللہ تعالی سے مانگے۔ اپنے لیے، اپنے اہلِ خانہ اور قریبی لوگوں کے لیے دعائیں کرے۔یہاں تک کہ سبز نشانات شروع ہو جائیں تو یہاں سے جتنا ممکن ہو سکے تیز رفتاری کے ساتھ دوڑے، تا آں کہ دوسرے سبز نشانات تک پہنچ جائے، تو دوبارہ عام رفتار سے چلنا شروع کر دے اور چلتے ہوئے مروہ پر چڑھ جائے ، چنانچہ جب مروہ پر چڑھ جائے تو قبلہ رخ ہو کر وہی دعائیں کرے جیسے اس نے صفا پر کی تھیں۔

یہ دعا تین بار پڑھے اور ہر بار پڑھنے کے بعد درمیان میں من چاہی دعا مانگے۔

- پھر سعی کے سات چکر لگائے اس کے لیے صفا سے مروہ تک ایک چکر، اور مروہ سے صفا تک دوسرا چکر شمار کرے۔ اور جب دو سبز نشانوں کے درمیان پہنچے تو تیز قدموں سے دوڑے، لیکن یہاں خیال رہے کہ اس عمل سے دوسروں کو تکلیف نہ دے، اس طرح سات چکر مکمل کر لے۔

- پھر حلق (سر منڈوانا) کرے یا قصر (بال کتروانا) کرے، اور عورت اپنے سارے بال جمع کرے اور اس کا تھوڑا سا حصہ یعنی ایک پورے کے برابر کاٹ لے ۔

ان اعمال کے پورے ہوتے ہی عمرہ مکمل ہو جائے گا، اور احرام کی وجہ سے عمرہ کرنے والے پر جو چیزیں حرام تھیں وہ سب حلال ہو جائیں گی۔

اللہ تعالیٰ ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کے اہل بیت وصحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔

# منتخب دعائیں

- اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ، كَمَا تُحِبُّ رَبَّنَا وَتَرْضَى، حَمْدًا لَا يَنْقَطِعُ وَلَا يَبِيْدُ وَلَا يَفْنَى، مِلْءَ سَمَاوَاتِكَ، وَمِلْءَ أَرْضِكَ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، عَدَدَ مَا حَمِدَكَ الْحَامِدُوْنَ، وَعَدَدَ مَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ مُحَمَّدٍ، خَاتَمِ أَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ، وَخَيْرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ، وَأَمِيْنِكَ عَلَى وَحْيِكَ، وَعَلَى آلِهِ، وَصَحْبِهِ أَجْمَعِيْنَ.

ترجمہ: یا اللہ! تیرے لیے ہمہ قسم کی تعریف ہے، ڈھیروں، پاکیزہ اور برکتوں والی تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ ہمارے پروردگار! تو جیسے پسند کرے اور راضی ہو ویسی ہی تعریف تیرے لیے ہے، اتنی تعریف کہ جو کبھی منقطع نہ ہو، نہ رکے اور نہ ختم ہو۔ یا اللہ! تیری تعریف تیرے آسمانوں کے بھراؤ کے برابر، اور تیری زمین کے بھراؤ کے برابر، اور ان کے بعد جو چیز تو چاہے اس کے بھراؤ کے برابر، اتنی مقدار میں کہ جتنی دیر حمد بیان کرنے والے حمد بیان کرتے رہیں، اور اتنی تعداد میں کہ جس قدر تیرے ذکر سے غافل ہونے والے غافل ہوں۔ درود وسلام ہوں تیرے بندے اور رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر، جو تیرے انبیائے کرام اور رسولوں میں سب سے آخری آنے والے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی تیری مخلوقات میں سے افضل ترین ہیں، اور تیری وحی پر امین بھی ہیں، درود وسلامتی نازل ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل اور تمام صحابہ کرام پر۔

- اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ قَيِّوْمُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ حَقٌّ، وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ ﷺ حَقٌّ.

ترجمہ: یا اللہ! تیرے لیے ہی حمد ہے، تو ہی آسمانوں وزمین اور جو کچھ ان میں ہے ان سب کا نور ہے، اور تیرے لیے ہی حمد ہے کہ تو ہی آسمانوں وزمین اور جو کچھ ان میں ہے ان سب کو قائم رکھنے والا ہے۔ اور تیرے لیے ہی حمد ہے کہ تو ہی حق ہے، تیرے وعدے بھی حق ہیں، تیری بات بر حق ، تجھ سے ملاقات بھی حق ہے، اور جنت بھی حق ہے، جہنم بھی حق ہے، قیامت کا دن بھی حق ہے، انبیائے کرام بھی حق ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی حق ہیں۔

- اَللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تیرا فرمانبردار بن گیا، تجھ پر ہی بھروسا کر چکا ہوں، اور تجھ پر ایمان لے آیا ہوں، میں تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں اور تیرے سہارے ہی جھگڑتا ہوں، اور تجھ سے ہی اپنے جھگڑوں کا فیصلہ چاہتا ہوں۔ پروردگار! میرے پہلے اور بعد میں کیے ہوئے، خلوت اور جلوت میں کیے ہوئے بد اعمال سب بخش دے۔ تو ہی پیش قدم اور پسپا بنانے والا ہے ، تیرے سوا کوئی معبود بر حق نہیں۔ اور نیکی کرنے کی ہمت اور برائی سے بچنے کی طاقت بلند وبالا اور عظمت والے اللہ کے بغیر ممکن نہیں۔

- اَللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِيْ تَقْوَاهَا، وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا، أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا.

ترجمہ: یا اللہ! میرے نفس کو تقوی عطا فرما، اور اس کا تزکیہ فرما، تو ہی اس کا بہترین تزکیہ کرنے والا ہے، تو ہی اس کا والی اور مولا ہے۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا.

ترجمہ: یا اللہ! میں غیر مفید علم سے ، خشوع سے عاری دل سے اور نہ سیر ہونے والے نفس سے، اور نہ سنی جانی والی دعا سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، بَدِيْعَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ، أَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ، وَإِذَا أَرَدتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِيْ إِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں کیونکہ تیرے لیے ہی ہمہ قسم کی حمد ہے، تو ہی معبود بر حق ہے، تو آسمانوں اور زمین کو نئے سرے سے پیدا کرنے والا ہے، اے ذو الجلال والاکرام! اے ہمیشہ سے زندہ جاوید اور ہر چیز کو قائم رکھنے والے مجھے معاف فرما دے، اور مجھ پر رحم فرما، اور جب تو لوگوں کو آزمانے کا ارادہ کر لے تو مجھے بغیر آزمائے اپنی طرف بلا لے۔

- ﴿رَبَّنَآ ءَاتِنَا فِي ٱلدُّنۡيَا حَسَنَةٗ وَفِي ٱلۡأٓخِرَةِ حَسَنَةٗ وَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ﴾ [البقرة: ٢٠١].

ترجمہ: ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما، اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے محفوظ فرما۔

- ﴿رَبَّنَآ ءَامَنَّا فَٱغۡفِرۡ لَنَا وَٱرۡحَمۡنَا وَأَنتَ خَيۡرُ ٱلرَّٰحِمِينَ﴾ [المؤمنون: ١٠٩].

ترجمہ: ہمارے پروردگار! ہم ایمان لا چکے؛ اس لیے ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما؛ اور تو ہی سب سے بہترین رحم کرنے والا ہے۔

- ﴿رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوبَنَا بَعۡدَ إِذۡ هَدَيۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحۡمَةًۚ إِنَّكَ أَنتَ ٱلۡوَهَّابُ﴾ [آل عمران: ٨].

ترجمہ: ہمارے رب! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو گمراہ مت فرما، نیز ہمیں اپنی طرف سے خصوصی رحمت عطا فرما، یقیناً تو بہت زیادہ عطا کرنے والا ہے۔

- ﴿رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ إِن نَّسِينَآ أَوۡ أَخۡطَأۡنَاۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ إِصۡرٗا كَمَا حَمَلۡتَهُۥ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِنَاۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِۦۖ وَٱعۡفُ عَنَّا وَٱغۡفِرۡ لَنَا وَٱرۡحَمۡنَآۚ أَنتَ مَوۡلَىٰنَا فَٱنصُرۡنَا عَلَى ٱلۡقَوۡمِ ٱلۡكَٰفِرِينَ﴾ [البقرة: ٢٨٦].

ترجمہ: اے ہمارے رب اگر ہم بھول گئے ہوں یا ہم نے خطا کی ہو تو ہمارا مواخذہ نہ فرمانا۔ اے ہمارے رب ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو ہم سے پہلے لوگوں پر تو نے ڈالا تھا۔ اے ہمارے رب ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہ ہو۔ اور ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا مالک ہے، ہمیں کافر قوم پر غلبہ عطا فرما۔

- ﴿رَبِّ ٱجۡعَلۡنِي مُقِيمَ ٱلصَّلَوٰةِ وَمِن ذُرِّيَّتِيۚ رَبَّنَا وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ ۝٤٠ رَبَّنَا ٱغۡفِرۡ لِي وَلِوَٰلِدَيَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِينَ يَوۡمَ يَقُومُ ٱلۡحِسَابُ﴾ [إبراهيم: ٤٠-٤١].

ترجمہ: میرے رب! مجھے اور میری اولاد کو نمازیں قائم کرنے والا بنا، ہمارے پروردگار! میری دعا قبول فرما۔ ہمارے پروردگار! مجھے بخش اور میرے والدین سمیت سب اہل ایمان کو اس دن مغفرت عطا فرما جب حساب لیا جائے گا۔

- ﴿رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ أَزۡوَٰجِنَا وَذُرِّيَّٰتِنَا قُرَّةَ أَعۡيُنٖ وَٱجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِينَ إِمَامًا﴾ [الفرقان: ٧٤].

ترجمہ: ہمارے پروردگار! ہمیں ہمارے اہل خانہ اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں متقین کا پیشوا بنا دے۔

- ﴿رَبَّنَآ ءَاتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحۡمَةً وَهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ أَمۡرِنَا رَشَدًا﴾ [الكهف: ١٠].

ترجمہ: ہمارے رب! ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا فرما، اور ہمارے معاملات میں بھلائی مہیا فرما دے۔

- ﴿رَبَّنَا وَءَاتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخۡزِنَا يَوۡمَ ٱلۡقِيَـٰمَةِۗ إِنَّكَ لَا تُخۡلِفُ ٱلۡمِيعَادَ﴾ [آل عمران: ١٩٤].

ترجمہ: ہمارے پروردگار! ہمیں وہ عطا فرما جو تو نے اپنے رسولوں کے ذریعے ہم سے وعدے کیے ہیں، اور ہمیں قیامت کے دن رسوا مت فرما، یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں فرماتا۔

- اَللَّهُمَّ إِني أَسْأَلُكَ الْهُدَى، وَالتقَى، وَالْعَفَافَ، وَالْغِنَى.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقوی، پاکدامنی اور بے نیازی مانگتا ہوں۔

- اَللَّهُمَّ اقْسِمْ لِيْ مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَعْصِيَتِكَ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنِيْ بِهِ جَنّتَكَ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيّ مَصَائِبَ الدنْيَا، وَمَتعْنِيْ بِسَمْعِيْ، وَبَصَرِيْ، وَقُوّتِيْ أَبَدًا مّا أَبْقَيْتَنِيْ، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنيْ، وَاجْعَلْ ثَأْرِيْ عَلَى مَنْ ظَلَمَنِيْ، وَانْصُرْنِيْ عَلَى مَنْ عَادَانِيْ، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتِيْ فِيْ دِيْنِيْ، وَلَا تَجْعَلِ الدنْيَا أَكْبَرَ هَميْ، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِيْ، وَلَا إِلَى النّارِ مَصِيْرِيْ، وَاجْعَلِ الْجَنّةَ هِيَ دَارِيْ، وَلَا تُسَلطْ عَلَيّ بِذُنُوْبِيْ مَنْ لّا يَخَافُكَ، وَلَا يَرْحَمُنِيْ، بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرّاحِمِيْنَ.

ترجمہ: یا اللہ! مجھے اپنی ایسی خشیت عطا فرما جو میرے اور تیری نافرمانی میں حائل ہو جائے ۔ تیری ایسی اطاعت عطا فرما جو مجھے تیری جنت میں پہنچا دے، اور ایسا یقین عطا فرما جس سے مجھے دنیا کی مصیبتیں معمولی لگنے لگیں۔ اور مجھے اپنی سماعت ، بصارت اور جسمانی طاقت سے زندگی بھر لطف اندوز فرما، اور انہیں میرا وارث بنا، اور مجھے میری ذات پر ظلم کرنے والوں سے بدلہ لینے والا بنا، نیز مجھ پر جارحیت کرنے والوں کے خلاف میری مدد فرما، اور مجھے دینی طور پر مصیبت میں مت ڈال، اور نہ ہی دنیا میرا سب سے بڑا مقصد بنا نہ ہی میرے علم کو دنیا تک محدود فرما، نہ ہی جہنم کو میرا ٹھکانہ بنا، بلکہ جنت کو میرا مستقل گھر بنا دے، یا اللہ! مجھ پر میرے گناہوں کی وجہ سے کسی ایسے شخص کو مسلط نہ فرما جو تجھ سے نہ ڈرے اور مجھ پر رحم نہ کرے۔ یا ارحم الراحمین! تجھے تیری رحمت کا واسطہ [میری دعا قبول فرما]۔

- اَللّٰهُمَّ إني أَعُوْذُ بِعِزّتِكَ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ أَنْ تُضِلّنِيْ، أَنْتَ الْحَي الّذِيْ لَا يَمُوْتُ، وَالْجِن وَالْإِنْسُ يَمُوْتُوْنَ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تیری عزت کی پناہ چاہتا ہوں کہ تو مجھے گمراہ کر دے، تیرے سوا کوئی معبود بر حق نہیں۔ تو ہی زندہ جاوید ہے جسے موت نہیں آئے گی، جن وانس سب مر جائیں گے۔

- اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشّهَادَةِ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، رَبّ كُل شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَر نَفْسِيْ، وَمِنْ شَر الشّيْطَانِ وَشِرْكِهِ، وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلَى نَفْسِيْ سُوْءًا، أَوْ أَجُرّهُ إِلَى مُسْلِمٍ.

ترجمہ: یا اللہ! آسمانوں اور زمین کو نئے سرے سے پیدا کرنے والے، غیب اور حاضر سب جاننے والے! تیرے سوا کوئی معبود بر حق نہیں، تو ہی ہر چیز کا رب اور مالک ہے، میں اپنے نفس کے شیطانی شر سمیت شیطانی شرکیہ دعوت سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور اس بات سے بھی کہ میں اپنے آپ کو نقصان پہنچاؤ یا کسی مسلمان کو تکلیف دوں۔

- اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِيْ، وَأَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ، وَأَصْلِحْ لِيْ آخِرَتِيْ الّتِيْ إِلَيْهَا مَعَادِيْ، وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِيْ فِيْ كُل خَيْرٍ، وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِيْ مِنْ كُل شَر.

ترجمہ: یا اللہ! میری دینی اصلاح فرما اسی میں میری نجات ہے۔ اور میری دنیا بھی بہتر بنا دے اس میں میرا معاش ہے۔ اور میری آخرت بھی بہتر بنا دے کہ وہیں لوٹ کر جانا ہے، اور میرے لیے زندگی کو ہمہ قسم کی خیر میں اضافے کا ذریعہ بنا دے، اور موت کو ہمہ قسم کے شر سے راحت کا ذریعہ بنا دے۔

- اَللّٰهُمَّ إِني أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِيْ الدنْيَا وَالْآخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ إِني أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ، وَدُنْيَايَ، وَأَهْلِيْ، وَمَالِيْ، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ، وَآمِنْ رّوْعَاتِيْ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے دنیا وآخرت میں معافی اور عافیت مانگتا ہوں، یا اللہ! میں تجھ سے اپنے دین ودنیا اور اہل ومال میں معافی اور عافیت کا طلب گار ہوں، یا اللہ! میرے عیوب چھپا دے اور مجھے میرے منفی خدشات سے محفوظ فرما۔

- اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيّ وَمِنْ خَلْفِيْ، وَعَنْ يّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ، وَمِنْ فَوْقِيْ، وَأَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ.

ترجمہ: یا اللہ! میری میرے سامنے سے ، میرے پیچھے سے ، میری دائیں جانب سے ، اور بائیں جانب سے ، نیز میرے اوپر سے بھی میری حفاظت فرما، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں نیچے زمین میں دھنسا دیا جاؤں۔

-اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتِيْ فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا، وَأَجِرْنِيْ مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا، وَعَذَابِ الْآخِرَةِ.

ترجمہ: یا اللہ! میرے سب معاملات میں میرا انجام خیر والا فرما، اور مجھے دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ فرما۔

-اَللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلَى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ.

ترجمہ: یا اللہ! تو میری اپنے ذکر، شکر، اور بہترین انداز سے تیری عبادت پر مدد فرما۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ، وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ، وَمِنْ فُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ، وَمِنْ جَمِيْعِ سَخَطِكَ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تیری نعمتوں کے زوال، تیری عافیت کے خاتمے، تیری اچانک پکڑ، اور تیری ہمہ قسم کی ناراضی سے تیری پناہ چاہتا ہوں ۔

-اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ؛ فَاعْفُ عَنِّيْ.

ترجمہ: یا اللہ! یقیناً توں معاف کرنے والا ہے، تو معاف کرنے کو پسند بھی کرتا ہے، یا اللہ! مجھ معاف فرما دے۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ، عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ، مَا عَلِمْتُ مِنْهُ، وَمَا لَمْ أَعْلَمْ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهِ، عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ، مَا عَلِمْتُ مِنْهُ، وَمَا لَمْ أَعْلَمْ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے ہر قسم کی خیر چاہے فوری ملنے والی ہے یا دیر سے اور جسے میں جانتا ہوں اور نہیں جانتا ؛مانگتا ہوں ۔ اور میں تجھ سے ہر قسم کے شر چاہے فوری ملنے والا ہے یا دیر سے اور جسے میں جانتا ہوں اور نہیں جانتا ؛سب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ ﷺ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ ﷺ.

ترجمہ: ، یا اللہ! میں تجھ سے ہر وہ خیر مانگتا ہوں جو تجھ سے تیرے بندے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طلب کی، یا اللہ! میں تیری ہر اس چیز سے پناہ مانگتا ہوں جس سے تیرے بندے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ طلب کی۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِي أَسْأَلُكَ الْجَنّةَ، وَمَا قَرّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ، أَوْ عَمَلٍ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ النّارِ، وَمَا قَرّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ، أَوْ عَمَلٍ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے جنت اور جنت کے قریب کرنے والے قول وفعل بجا لانے کی دعا مانگتا ہوں، اور میں جہنم اور جہنم کے قریب کرنے والے قول وفعل کا ارتکاب کرنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِي أَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُل بِر، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُل إِثْمٍ، وَالْفَوْزَ بِالْجَنّةِ، وَالنّجَاةَ مِنَ النّارِ.

ترجمہ: اور میں تجھ سے تیری رحمت کے موجب اعمال اور تیری مغفرت کے پختہ اسباب طلب کرتا ہوں۔ ہر قسم کی بھلائی ڈھیروں ڈھیر چاہتا ہوں، اور ہمہ قسم کے گناہ سے سلامتی مانگتا ہوں، یا اللہ! میں جنت پا کر کامیابی اور جہنم سے نجات چاہتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ جَنبْنِيْ مُنْكَرَاتِ الْأَخْلَاقِ وَالْأَعْمَالِ، وَالْأَهْوَاءِ وَالْأَدْوَاءِ.

ترجمہ: یا اللہ! مجھے برے اخلاق ، بری خواہشات، برے اعمال، اور پیچیدہ بیماریوں سے محفوظ فرما۔

- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا، وَاهْدِنِيْ لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ، لَا يَهْدِيْ لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنيْ سَيئَهَا، لَا يَصْرِفُ عَنيْ سَيئَهَا إِلَّا أَنْتَ.

ترجمہ: یا اللہ! میرے تمام گناہ معاف فرما دے۔ یا اللہ! مجھے حسن اخلاق اپنانے کے لیے رہنمائی عطا فرما؛ کیونکہ حسن اخلاق اپنانے کے لیے تو ہی رہنمائی کر سکتا ہے، نیز مجھے برے اخلاق سے دور فرما دے؛ کیونکہ برے اخلاق سے تو ہی دور کر سکتا ہے۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِي أَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشّهَادَةِ، وَأَسْأَلُكَ كَلِمَةَ الْحَق فِي الْغَضَبِ وَالرضَا، وَأَسْأَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنَى، وَأَسْأَلُكَ نَعِيْمًا لّا يَنْفَدُ، وَقُرّةَ عَيْنٍ لّا تَنْقَطِعُ، وَأَسْأَلُكَ الرضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ، وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَلَذّةَ النّظْرِ إِلَى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ، وَالشّوْقَ إِلَى لِقَائِكَ، فِي غَيْرِ ضَرّاءَ مُضِرّةٍ، وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلّةٍ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے خلوت وجلوت میں تیری خشیت طلب کرتا ہوں، خوشی اور غصے کی حالت میں کلمۂ حق کی توفیق مانگتا ہوں، غربت اور ثروت دونوں حالتوں میں اعتدال کا سوال کرتا ہوں، نہ ختم ہونے والی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں اور مسلسل رہنے والی آنکھوں کی ٹھنڈک مانگتا ہوں، اور تیرے فیصلے کے بعد اس پر رضا مندی کا سوال کرتا ہوں، اور موت کے بعد آسودہ زندگی کا سوالی ہوں، اور تیرے چہرے کے دیدار کی لذت پانے کا طلب گار ہوں، کسی نقصان دہ تنگی اور گمراہ کن آزمائش کے بغیر تیری ملاقات کا شوق رکھتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ زَيِّنّا بِزِيْنَةِ الْإِيْمَانِ، وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مهْتَدِيْنَ، غَيْرَ ضَآلِيْنَ، وَلَا مُضِلِيْنَ، سِلْمًا لِأَوْلِيَائِكَ، حَرْبًا عَلَى أَعْدَائِكَ، نُحِب بِحُبكَ مِنْ أَحبّكَ، وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ مَنْ عَادَاكَ، أَوْ خَالَفَكَ.

ترجمہ: یا اللہ! ہمیں ایمان کی زینت عطا فرما، اور ہمیں ہدایت یافتہ رہنما بنا۔ کہ ہم خود بھی گمراہ نہ ہوں اور نہ ہی گمراہ کرنے والے ہوں۔ تیرے ولیوں کے لیے ہم سراپا سلامتی ہوں، تیرے دشمنوں کے لیے ہم سراپا جنگ ہوں، یا اللہ! ہمیں ایسا بنا کہ ہم تجھ سے محبت کرنے والے سے محبت اس لیے کریں تو ان سے محبت کرتا ہے، اور ہم تجھ سے دشمنی یا مخالفت رکھنے والے سے اس لیے عدوات رکھیں کہ تو ان کا دشمن ہے۔

- اَللّٰهُمَّ انْقُلْنِيْ مِنْ ذُل الْمَعْصِيَةِ إِلَى عِز الطّاعَةِ، وَأَغْنِنِيْ بِحَلالِكَ عَنْ حَرَامِكَ، وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ، وَبِفَضْلِكَ عَمّنْ سِوَاكَ، يَا حَي يَا قَيوْمُ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ.

ترجمہ: یا اللہ مجھے نافرمانی کی ذلت سے تیری اطاعت گزاری کی عزت میں منتقل فرما دے۔ یا اللہ! مجھے تیری حرام کردہ روزی سے تیرے حلال کردہ رزق کے ذریعے غنی بنا دے، تیری اطاعت گزاری کے ذریعے اپنی نافرمانی سے بے نیاز کر دے، اور مجھے اپنے فضل سے تیرے سوا ہر کسی سے بے نیاز کر دے۔ اے ہمیشہ زندہ رہنے والی ذات اور ہر چیز کو قائم رکھنے والی ذات! اے ذو الجلال والاکرام!

- اَللّٰهُمَّ إِنيْ أَعوْذُ بِكَ مِنَ الْهم وَالْحَزَنِ، وَمِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَمِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَمِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ، وَمِنْ غَلَبَةِ الدّيْنِ، وَقَهْرِ الرجَالِ.

ترجمہ: یا اللہ! میں پریشانی، غم، ناتوانی، سستی، بزدلی، بخیلی، گناہ، اور چٹی سمیت قرض کے بوجھ اور لوگوں کے غلبے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُوْنِ، وَالْجُذَامِ، وِمِنْ سَيِئِ الْأَسْقَامِ.

ترجمہ: یا اللہ! میں برص، پاگل پن، کوڑھ، اور پیچیدہ بیماریوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ رَبّ السّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَرَبّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، رَبّنَا وَرَبّ كُل شَيْءٍ، فَالِقَ الْحَب وَالنّوَى، مُنْزِلَ التّوْرَاةِ، وَالْإِنْجِيْلِ، وَالْفُرْقَانِ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَر كُل ذِيْ شَر أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ.

ترجمہ: یا اللہ! آسمانوں اور زمین کے پروردگار! اور عرش عظیم کے پروردگار! اے ہمارے پروردگار! اور ہر چیز کے پروردگار! اے دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے، تورات، انجیل اور فرقان کو نازل کرنے والے! میں تیری ہر چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں کہ جن کی پیشانی تو ہی تھامے ہوئے ہے۔

- اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوّلُ، فَلَيْسَ قَبلَكَ شَيْءٌ، وأَنْتَ الْآخِرُ، فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الظّاهِرُ، فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ، فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ، اِقْضِ عَنيْ الدّيْنَ، وَأَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ.

ترجمہ: یا اللہ! تو ہی اول ہے تجھ سے قبل کچھ نہیں، اور تو ہی آخر ہے تیرے بعد کچھ نہیں، اور تو ہی غالب ہے تجھ سے بالا کچھ نہیں، اور تو ہی پوشیدہ ہے تجھ سے خفیہ کچھ نہیں، میری طرف سے قرض چکا دے، اور مجھے غربت کی بجائے تونگری عطا فرما۔

- اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبيْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، خَلَقْتَنِيْ وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلَى عَهْدِكَ، وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَر مَا صَنَعْتُ، أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيّ، وَأَبُوْءُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ، فَإِنّهُ لَا يَغْفِرُ الذنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ.

ترجمہ: یا اللہ! تو ہی میرا پروردگار ہے، تیرے سوا کوئی معبود بر حق نہیں، تو نے ہی مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا ہی بندہ ہوں، میں حسب استطاعت تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں اپنے کیے کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، میں اپنے اوپر تیری نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں، میں تیرے سامنے اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں، اس لیے تو مجھے بخش سے۔ کیونکہ یقیناً تیرے سوا کوئی گناہ معاف کرنے والا نہیں ہے۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِي أَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ، وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ، وَحُبّ الْمَسَاكِيْنِ، وَأَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ، وَإِذَا أَرَدتّ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِيْ إِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے نیکیاں کرنے، برائیاں چھوڑنے اور مساکین سے محبت کا سوال کرتا ہوں، اور جب تو اپنے بندوں کو آزمانے کا ارادہ کر لے تو مجھے بغیر آزمائے اپنی طرف بلا لے۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشّقَاءِ، وَسُوْءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ.

ترجمہ: یا اللہ! میں سخت آزمائش، بد بختی میں پھنسنے، برے تقدیری فیصلوں اور دشمنوں کے پھبتی کسنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ يَا مَقلبَ الْقُلُوْبِ، ثَبتْ قَلْبِيْ عَلَى دِيْنِكَ. اَللّٰهُمَّ يَا مُصرفَ الْقُلُوْبِ وَالْأَبْصَارِ، صَرفْ قَلْبِيْ عَلَى طَاعَتِكَ.

ترجمہ: یا اللہ! اے دلوں کو بدلنے والے! میرے دل کو تیرے دین پر ثابت کر دے۔ یا اللہ! اے دلوں کو پھیرنے والے! ہمارے دلوں کو تیری اطاعت کی طرف پھیر دے۔

- اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ، وَلَا هَمًا إِلَّا فَرّجْتَهُ، وَلَا دَيْنًا إِلَّا قَضَيْتَهُ، وَلَا حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدنْيَا وَالْآخِرَةِ هِيَ لَكَ رِضًا، وَلَنَا فِيْهَا صَلَاحٌ إِلَّا قَضَيْتَهَا يَا أَرْحَمَ الرّاحِمِيْنَ.

ترجمہ: یا اللہ! تو میرے کسی بھی گناہ کو بخشے بغیر مت چھوڑ، کسی بھی پریشانی کو ختم کیے بغیر نہ چھوڑ، میرے ذمہ سب قرض چکا دے، اور میری دنیاوی اور اخروی حاجت جو تیری رضا کی موجب ہو اور اس میں ہمارے لیے بہتری ہو یا ارحم الرحمین اسے بھی پورا فرما دے۔

- ﴿رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّآۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ﴾ [البقرة: ١٢٧].

- ﴿وَتُبۡ عَلَيۡنَآۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ﴾ [البقرة: ١٢٨].

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہماری سب دعائیں قبول فرما، بیشک تو ہی سننے والا اور جاننے والا ہے، پروردگار! تو ہماری توبہ قبول فرما، بیشک تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

- ﴿رَبَّنَا ٱغۡفِرۡ لَنَا وَلِإِخۡوَٰنِنَا ٱلَّذِينَ سَبَقُونَا بِٱلۡإِيمَٰنِ وَلَا تَجۡعَلۡ فِي قُلُوبِنَا غِلّٗا لِّلَّذِينَ ءَامَنُواْ رَبَّنَآ إِنَّكَ رَءُوفٞ رَّحِيمٌ﴾ [الحشر: ١٠].

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں۔ اور اہل ایمان کے لیے ہمارے دلوں میں کینہ پیدا نہ ہونے دے، ہمارے پروردگار! یقیناً تو ہی رؤف ورحیم ہے۔

- اَللّٰهُمَّ إني عَبْدُكَ، اِبْنُ عَبْدِكَ، اِبْنُ أمتِكَ، نَاصِيَتِي بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ، أَسْأَلُكَ بِكُلِ اسْمٍ هُوَ لَكَ، سَمّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ، أَوْ أَنْزَلْتَهُ فِيْ كِتَابِكَ، أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ، وَنُوْرَ صَدْرِيْ، وَجِلَاءَ حُزْنِيْ، وَذَهَابَ هَمِيْ، اَللّٰهُمَّ عَلمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ، وَذَكرْنِيْ مِنْهُ مَا نُسِيْتُ، وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهُ آنَاءَ اللّيْلِ وَالنّهَارِ عَلَى الْوَجْهِ الّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنيْ، بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرّاحِمِيْنَ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تیرا بندہ ہوں، تیرے بندے اور باندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے، مجھ پر تیرے فیصلے جاری ہیں، اور تیرے فیصلے مبنی بر عدل ہیں، میں تجھے تیرے ہر اس نام کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جو تو نے خود اپنا رکھا ہے، یا مخلوق میں سے کسی کو تو نے سکھایا ہے، یا تو نے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے، یا اپنے ہاں علم غیب میں اسے چھپایا ہوا ہے، کہ تو قرآن کو میرے دل بہار بنا دے، میرے سینے کا نور بنا دے، اور میرے غموں کا مداوا اور پریشانیوں کے خاتمے کا باعث بنا دے۔ یا اللہ! قرآن کریم کے جس پہلو سے میں جاہل ہوں وہ مجھے سکھا دے، جو مجھے بھلا دیا گیا ہے وہ مجھے یاد کروا دے، یا اللہ! مجھے رات اور دن قرآن کریم کی ایسے تلاوت کرنے کی توفیق عطا فرما جس سے تو راضی ہو جائے، تجھے تیری رحمت کا واسطہ، یا ارحم الراحمین!

- اَللّٰهُمَّ إني أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنّمَ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدّجّالِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، اَللّٰهُمَّ إني أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ.

ترجمہ: یا اللہ! میں عذاب جہنم سے تیری پناہ چاہتا ہوں، یا اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، یا اللہ! میں مسیح دجال کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور میں زندگی اور موت کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں، یا اللہ! میں گناہ اور چٹی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ، وَعَافِنِيْ، وَارْحَمْنِيْ، اَللّٰهُمَّ إني أَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَسْأَلَةِ، وَخَيْرَ الدعَاءِ، وَخَيْرَ النّجَاحِ، وَخَيْرَ الْعَمَلِ، وَخَيْرَ الثّوَابِ، وَخَيْرَ الْحَيَاةِ، وَخَيْرَ الْمَمَاتِ، وَثَبتْنِيْ، وَثَقلْ مَوَازِيْنِيْ، وَحقق إِيْمَانِيْ، وَارْفَعْ دَرَجَتِيْ، وَتَقَبّلْ صَلَاتِيْ، وَاغْفِرْ خَطِيْئَتِيْ، وَأَسْأَلُكَ الدّرَجَاتِ الْعُلَى مِنَ الْجَنّةِ، آمِيْنَ.

ترجمہ: یا اللہ! مجھے بخش دے، یا اللہ ! میری رہنمائی فرما، مجھے رزق عطا فرما، مجھے عافیت سے نواز، اور مجھ پر رحم فرما۔ یا اللہ! میں تجھ سے بہترین انداز سے مانگنے کا سوالی ہو، بہترین دعا کی

قبولیت کا منگتا ہوں، بہترین کامیابی، اور بہترین عمل ، اچھے بدلے اور آسودہ زندگی ، اور اچھی موت کا سوالی ہو۔ یا اللہ! مجھے ثابت قدم بنا، میرے نامہ اعمال کے ترازو کو وزنی فرما، میرا ایمان مضبوط فرما، میرے درجات بلند فرما، میری دعا قبول فرما، میرے گناہ معاف فرما۔ یا اللہ! میں تجھ سے جنت میں بلند درجات کا سوالی ہوں۔ آمین

- اَللَّهُمَّ إِني أَسْأَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ، وَخَوَاتِمَهُ، وَجَوَامِعَهُ، وَأَوَّلَهُ وَآخِرَهُ، وَظَاهِرَهُ وَبَاطِنَهُ، وَالدَّرَجَاتِ الْعُلَى مِنَ الْجَنَّة، آمِيْنَ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے خیر وبھلائی کا آغاز واختتام ، جامع ترین اچھائی، ابتدا سے انتہا تک خیر چاہے ظاہری ہو یا باطنی سب کا سوال کرتا ہوں، یا اللہ! میں تجھ سے جنت میں بلند درجات کا سوالی ہوں۔ آمین

- اَللَّهُمَّ إِني أَسْأَلُكَ أَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِيْ، وَتَضَعَ وِزْرِيْ، وَتُصْلِحَ أَمْرِيْ، وَتُطَهِرَ قَلْبِيْ، وَتُحَصنَ فَرْجِيْ، وَتُنَوِرَ قَلْبِيْ، وَتَغْفِرَ لِيْ ذَنْبِيْ، وَأَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى مِنَ الْجَنَّةِ، آمِيْنَ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں کہ میرا ذکر بلند فرما، میری کوتاہیاں معاف فرما، میرے سارے امور سنوار دے، میرے دل پاک فرما دے، میری شرمگاہ محفوظ فرما دے، میرے دل کو منور فرما دے، میرے گناہ بخش دے، یا اللہ! میں تجھ سے جنت میں بلند درجات کا سوالی ہوں۔ آمین

- اَللَّهُمَّ إِني أَسْأَلُكَ أَنْ تُبَارِكَ لِيْ فِيْ نَفْسِيْ، وَفِيْ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ، وَفِيْ رُوْحِيْ، وَفِيْ خَلْقِيْ، وَفِيْ خُلُقِيْ، وَفِيْ أَهْلِيْ، وَفِيْ مَحْيَايَ، وَفِيْ مَمَاتِيْ، وَفِيْ عَمَلِيْ، وَتَقَبَّلْ حَسَنَاتِيْ، وَأَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى مِنَ الْجَنَّةِ، آمِيْنَ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میرے لیے میری جان میں برکت فرما دے، میری سماعت وبصارت میں، میری روح میں، میری تخلیق اور اخلاق میں، میرے اہل خانہ میں، میری زندگی اور موت میں، میرے اعمال میں برکت فرما دے، یا اللہ! میری نیکیاں قبول فرما، یا اللہ! میں تجھ سے جنت میں بلند درجات کا سوالی ہوں۔ آمین

- اَللَّهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْإِسْلَامِ قَائِمًا، وَاحْفَظْنِيْ بِالْإِسْلَامِ قَاعِدًا، وَاحْفَظْنِيْ بِالْإِسْلَامِ رَاقِدًا، وَلَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوا، وَلَا حَاسِدًا.

ترجمہ: یا اللہ! اسلام کے ذریعے میری حالت قیام میں حفاظت فرما، بیٹھنے کی حالت میں بھی میری اسلام کے ذریعے حفاظت فرما، اور نیند میں میری اسلام کے ذریعے حفاظت فرما، اور کسی بھی حاسد دشمن کو مجھ پر پھبتی کسنے کا موقع نہ دے۔

- اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعدتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ. اَللّٰهُمَّ نَقِّنِيْ مِنْ خَطَايَايَ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ. اَللّٰهُمَّ اغْسِلْنِيْ مِنْ خَطَايَايَ بِالثَّلْجِ، وَالْمَاءِ، وَالْبَرَدِ.

ترجمہ: یا اللہ! میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اتنی دوریاں ڈال دے جیسے تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان دوریاں ڈال دی ہیں۔ یا اللہ! میرے دل کو خطاؤں سے ایسے صاف کر دے جیسے سفید لباس کو میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے، یا اللہ! مجھ سے میری خطائیں برف اور اولوں کے پانی سے دھو دے۔

- اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. أَنْتَ رَبِّيْ وَأَنَا عَبْدُكَ. ظَلَمْتُ نَفْسِيْ، وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، وَاهْدِنِيْ لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ، لَا يَهْدِيْ لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِيْ سَيِّئَهَا، لَا يَصْرِفُ عَنِيْ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِيْ يَدَيْكَ، وَالشّر لَيْسَ إِلَيْكَ، أَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ، وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ.

ترجمہ: یا اللہ! تو ہی بادشاہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود بر حق نہیں، تو ہی میرا پروردگار ہے، اور میں تیرا بندہ ہوں، میں نے اپنی جان پر ظلم ڈھائے، میں اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں، تو ہی میرے سارے گناہ معاف فرما دے؛ کیونکہ گناہوں کو تیرے سوا کوئی معاف نہیں کر سکتا۔ یا اللہ! مجھے حسن اخلاق اپنانے کے لیے رہنمائی عطا فرما؛ کیونکہ حسن اخلاق اپنانے کے لیے تو ہی رہنمائی کر سکتا ہے، نیز مجھے برے اخلاق سے دور فرما دے؛ کیونکہ برے اخلاق سے تو ہی دور کر سکتا ہے۔ یا اللہ! میں بار بار حاضر ہوں، خوشیاں تیری ذات سے ہی وابستہ ہیں، ہمہ قسم کی خیر تیرے ہی ہاتھوں میں ہے، برائی کی نسبت تیری طرف نہیں کی جاتی، میں تیری وجہ سے ہوں اور تیری طرف ہی لوٹنے والا ہوں، تیری ذات بابرکت اور عالی شان ہے، میں تجھ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور تیری ہی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِي أَعُوْذُ بِكَ أَنْ أُرَدّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ، وَالذلّةِ وَالْمَسْكَنَةِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ، وَالْفُسُوْقِ، وَالشقَاقِ، وَالسمْعَةِ، وَالرِيَاءِ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں کہ مجھے گھٹیا عمر تک پہنچا دیا جائے، اور میں سنگ دلی، غفلت، ذلت اور غربت سے تیری پناہ چاہتا ہوں ، نیز میں کفر، فسق، بد بختی، نمود نمائش اور ریا کاری سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ إِنِي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَر مَا عَمِلْتُ، وَمِنْ شَر مَا لَمْ أَعْمَلْ، وأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَر مَا عَمِلْتُ، وَمِنْ شَر مَا لَمْ أَعْمَلْ.

ترجمہ: یا اللہ! میں اپنی کارستانیوں کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور ان اعمال کے شر سے بھی جو میں نے نہیں کیے۔ نیز میں اپنے علم کے شر سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں اور اس کے شر سے بھی جو علم ابھی میں نے حاصل نہیں کیا۔

- اَللّٰهُمَّ إِني أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَالتّرَدِي، وَمِنَ الْغَرَقِ، وَالْحَرَقِ، وَالْهَرَمِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَن يّتَخَبّطَنِيَ الشّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ، وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ أَمُوْتَ لَدِيْغًا، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ طَمَعٍ يَهْدِيْ إِلَى طَبَعٍ.

ترجمہ: یا اللہ! میں دب جانے سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور بلندی سے گرنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور ڈوبنے سے، جل جانے سے اور بڑھاپے سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور اس بات سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ شیطان مجھے موت کے وقت خبطی بنا دے، اور تیری راہ میں پیٹھ پھیر کر بھاگتے ہوئے مرنے سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں، اور میں پناہ چاہتا ہوں کہ مجھے زہریلے جانور کے کاٹنے سے موت آئے۔ اور میں ایسی لالچ سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں جو انسانی فطرت کو بدل کر دکھ دے۔

- اَللّٰهُمَّ إِني أَسأَلُكَ الثّبَاتَ فِي الْأَمْرِ، وَالْعَزِيْمَةَ عَلَى الرشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ قَلْبًا سَلِيْمًا، وَلِسَانًا صَادِقًا، وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَر مَا تَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ مِمّا تَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلّامُ الْغُيُوْبِ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے دین پر ثابت قدمی اور بھلائی پر عزم مانگتا ہوں، اور میں تجھ سے تیری رحمت کے موجب اعمال اور تیری مغفرت کے پختہ اسباب طلب کرتا ہوں۔ میں تجھ سے تیری نعمتوں کا شکر کرنے اور تیری بہترین عبادت کرنے کی توفیق مانگتا ہوں، اور میں تجھ سے قلب سلیم اور سچی زبان طلب کرتا ہوں، میں تجھ سے ہر اس چیز کی خیر مانگتا ہوں جسے تو جانتا ہے، اور میں ہر اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جسے تو جانتا ہے۔ میں تیرے علم میں موجود گناہوں سے بھی معافی مانگتا ہوں؛ کیونکہ تو ہی غیب جاننے والا ہے۔

- اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ، وَقِنِيْ شَرَّ نَفْسِيْ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ. اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ وَلَا تَنْقُصْنِيْ، وَأَكْرِمْنِيْ وَلَا تُهِنِيْ، وَأَعْطِنِيْ وَلَا تَحْرِمْنِيْ، وَآثِرْنِيْ وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيَّ. يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ.

ترجمہ: یا اللہ! مجھے میری بھلائی الہام فرما دے، اور مجھے میرے اپنے نفس کے شر سے بچا لے، اے ہمیشہ سے زندہ جاوید اور ہر چیز کو قائم رکھنے والے! یا اللہ ! مجھے مزید عطا فرما، میری عنایتوں میں کمی مت فرما، یا اللہ! میری عزت میں اضافہ فرما، میری اہانت نہ فرما، یا اللہ ! مجھے عطا فرما، مجھے محروم مت رکھ، یا اللہ! یا ذالجلال والا کرام!

- اَللّٰهُمَّ إِنِي أَسْأَلُكَ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِكَ، تَهْدِيْ بِهَا قَلْبِيْ، وَتَجْمَعُ بِهَا أَمْرِيْ، وَتَلُم بِهَا شَعَثِيْ، وَتَحْفَظُ بِهَا غَائِبِيْ، وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِيْ، وَتُبَيِّضُ بِهَا وَجْهِيْ، وَتُزَكِيْ بِهَا عَمَلِيْ، وَتُلْهِمُنِيْ بِهَا رُشْدِيْ، وَتَرُدُ بِهَا الْفِتَنَ عَنيْ، وَتَعْصِمُنِيْ بِهَا مِنْ كُل سُوءٍ. آمِيْنْ.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے تیری خصوصی رحمت کا سوالی ہوں جس کے ذریعے تو میرے دل کی رہنمائی فرمائے، جس سے میرے بکھرے معاملات سمیٹ دے، جس سے میری پراگندہ حالت سنوار دے، جس سے تو میرا ماضی و مستقبل محفوظ فرما دے، اور حاضر کو عالی شان بنائے، جس رحمت سے تو میرے چہرے کو منور کر دے، اس رحمت کے ذریعے میرے کردار کو پاکیزہ بنا دے، اس رحمت کے ذریعے تو مجھے رشد عطا فرما دے، اور اس رحمت کے ذریعے مجھ سے فتنوں کو دور کر دے، اور مجھے اس رحمت کی بدولت ہمہ قسم کے شر سے محفوظ فرما دے۔

- اَللّٰهُمَّ إِني أَسْأَلُكَ صِحّةً فِي إِيمَانٍ، وَإِيمَانًا فِي حُسْنِ خُلُقٍ، وَنَجَاحًا يَتْبَعُهُ فَلَاحٌ، وَرَحْمَةً مِنْكَ، وَعَافِيَةً مِنْكَ، وَمَغْفِرَةً وَرِضْوَانًا.

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے ایمان کی حالت صحت مانگتا ہوں، حسن اخلاق کی حالت میں ایمان مانگتا ہوں، ایسی کامیابی مانگتا ہوں جس کے بعد میں فلاح پا جاؤں، میں تیری طرف سے رحمت، عافیت، مغفرت اور رضا مندی کا سوالی ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ إِنّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ، وَتَرَى مَكَانِيْ، وَتَعْلَمُ سِرِيْ وَعَلَانِيَتِيْ، لَا يَخْفَى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِنْ أَمْرِيْ، وَأَنَا الْبَائِسُ الْفَقِيْرُ، وَالْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ، وَالْوَجِلُ الْمُشْفِقُ، الْمُقِر الْمُعْتَرِفُ إِلَيْكَ بِذَنْبِهِ، أَسْأَلُكَ مَسْأَلَةَ الْمِسْكِيْنِ، وَأَبْتَهِلُ إِلَيْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذّلِيْلِ، وَأَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْخَائِفِ الضّرِيْرِ، دُعَاءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهُ، وَذَلّ لَكَ جَسَدُهُ، وَرَغِمَ لَكَ أَنْفُهُ. فَاللّٰهُمَّ تَقَبّلْ تَوْبَتِيْ،

وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ، وَأَجِبْ دَعْوَتِيْ، وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ، وَاهْدِ قَلْبِيْ، وَسَدِّدْ لِسَانِيْ، وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ صَدْرِيْ، يَاأَرْحَمَ الرّاحِمِيْنَ.

ترجمہ: اے اللہ! یقیناً تُو میرا کلام سننے والا ہے، اور میرا مقام دیکھنے والا ہے، اور میرا خفیہ اور علانیہ سب کچھ جاننے والا ہے، میرے حال سے کچھ بھی تجھ پر پوشیدہ نہیں ہے۔ میں بے کس اور ناتواں ہوں، اور تیری پناہ اور مدد کا طلب گار ہوں، اور خوف اور ڈر کی ملی جلی کیفیت کے ساتھ تجھ سے درخواست گزار ہوں، اور اپنے گناہوں کا اقرار اور اعتراف کرنے والا ہوں۔ میں تجھ سے ایسے سوال کرتا ہوں جیسے کوئی مسکین سوال کرتا ہے، اور گناہگار ذلیل کی طرح تیرے سامنے درخواست پیش کرتا ہوں، اور میں تجھ سے دعا کرتا ہوں جیسے ایک خوفزدہ اور نابینا شخص دعا کرتا ہے، اُس شخص کی طرح دعا کرتا ہوں جس کا سر تیرے سامنے جھک گیا ہو، جس کا جسم تیرے لیے عاجز ہو، اور جس کی ناک تیرے سامنے لکیریں نکال چکی ہو۔ یا اللہ! میری توبہ قبول فرما، میری لغزشیں دھو ڈال، میری دعائیں قبول فرما، میری حجت کو ثابت کر، میرے دل کو ہدایت دے، میری زبان کو درست کر، اور میرے سینے کے میل کچیل کو نکال باہر فرما، یا ارحم الراحمین!

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے!

- ﴿لَّآ إِلَٰهَ إِلَّآ أَنتَ سُبۡحَٰنَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ﴾ [الأنبياء: ٨٧].

ترجمہ: تیرے سوا کوئی معبود بر حق نہیں، تو پاک ہے، یقیناً میں ہی ظالموں میں سے تھا۔

- ﴿رَّبَّنَا عَلَيۡكَ تَوَكَّلۡنَا وَإِلَيۡكَ أَنَبۡنَا وَإِلَيۡكَ ٱلۡمَصِيرُ ٤ رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُواْ وَٱغۡفِرۡ لَنَا رَبَّنَآۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ﴾ [الممتحنة: ٤ - ٥].

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! تجھ پر ہی ہم نے توکل کیا ہے، اور تیری طرف ہی ہم رجوع کرتے ہیں، اور تیری طرف ہی ہم نے لوٹ کر آنا ہے، پروردگار! تو ہمیں کافر لوگوں کے لیے آزمائش کا ذریعہ نہ بنا، اے ہمارے پروردگار! ہمیں معاف فرما دے، بیشک تو غالب اور حکمت والا ہے۔

- ﴿سُبۡحَٰنَ رَبِّكَ رَبِّ ٱلۡعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ ١٨٠ وَسَلَٰمٌ عَلَى ٱلۡمُرۡسَلِينَ ١٨١ وَٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ﴾ [الصافات: ١٨٠ - ١٨٢].

ترجمہ: تیرا رب جو کہ رب العزت ہے وہ ان کی گھڑی ہوئی باتوں سے پاک ہے، اور سلامتی ہو تمام رسولوں پر، اور تمام کی تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ أَوَّلًا وَآخِرًا، وَصَلَّى اللهُ وَسَلَّمَ عَلَى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ، وَآلِهِ، وَصَحْبِهِ أَجْمَعِيْنَ.

ترجمہ: ابتدا اور انتہا ہر وقت تعریفیں اللہ تعالی کے لیے ہیں، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر، آپ کی آل پر اور تمام صحابہ کرام پر رحمتیں نازل فرمائے۔

Translated by: almidad@live.com

# فہرست


مقدمۂ ایوانِ صدارت ........ ٥

مقدمہ ........ ٧

میقات اور احرام ........ ٨

تنبیہ ........ ٩

عمرہ ادا کرنے کے ارکان، واجبات اور سنن ........ ١٠

احرام کی پابندیاں ........ ١١

فدیہ کے اعتبار سے محظوراتِ احرام کی اقسام ........ ١٢

عمرے کا طریقہ ........ ١٤

منتخب دعائیں ........ ١٨

فہرست ........ ٣٥

حرمين

رئاسة الشؤون الدينية

بالمسجد الحرام والمسجد النبوي